© rasailojaraid.com



# تبصرے

**تاریخ القرآن** از مولانا عبدالصمد صارم سیوہاروی۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت صفحات ۲۳۸۔ کتابت وطباعت عمدہ قیمت دو روپیہ ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ علمیہ چار مینار حیدرآباد دکن۔ و مکتبہ برہان قرول باغ دہلی

لائق مصنف کے قلم سے اس وقت تک متعدد علمی اور ادبی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ اب آپ نے قرآن مجید کی تاریخ پر یہ کتاب تصنیف کر کے اپنی تالیفات کی فہرست میں ایک اچھی کتاب کا اضافہ کیا ہے۔ اس میں پہلے وحی کا نزول، قرآن مجید کی کتابت، جمع، تلاوت، حفظ، سورتوں اور آیتوں کی ترتیب، کاتبین وحی، قرآن مجید کا رسم الخط، قرونِ ثلاثہ کے مشہور قرا اور علمائے قرآن کے حالات وغیرہ کا بیان ہے، دوسرے باب میں مختلف مصاحف کا تذکرہ ہے۔ تیسرے باب میں قرآن مجید کے مصطلحات کا بیان ہے۔ مثلاً کی سورتیں کون کونسی ہیں اور مدنی کونسی۔ اسی ذیل میں علوم قرآن۔ تفاسیر و تراجم قرآن۔ اور قرآن مجید کے الفاظ دخیلہ۔ اور بعض خاص خاص سورتوں کے فضائل کا تذکرہ ہے۔ چوتھے باب میں شروع اسلام سے لیکر مصنف کے عہد تک جو نامور علما و مفسرین قرآن گذرے ہیں ان میں سے خاص خاص بزرگوں کے مختصر حالات و سوانح ہیں۔ پانچویں باب میں اسلام اور قرآن مجید کے متعلق غیر مسلم مشاہیر و ارباب قلم کے اقوال درج کئے گئے ہیں غرض یہ ہے کہ پوری کتاب از اول تا آخر قرآن مجید اور متعلقاتِ قرآن سے متعلق مفید و کارآمد معلومات سے پُر اور اندازِ تحریر "ماقل و دل" کا مصداق ہے۔ امید ہے کہ مسلمان اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے بہرہ اندوز ہونگے۔

**جزیرۂ سخنوراں** از جناب غلام عباس صاحب سب اڈیٹر "آواز" نئی دہلی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۱۴ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ:۔ کتاب خانہ ہزار داستان نئی دہلی۔

یہ کتاب کہنے کو بقامت کہتر سہی لیکن اس کے "بقیمت بہتر" ہونے میں شبہ نہیں اس کتاب کا بنیادی خیال



© rasailojaraid.com